نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آلو کے کاشتکاروں کیلئے پچھیتے جھلساؤ کے کنٹرول بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور 06 جنوری 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آلو کا پچھیتا جھلساؤ ایک خطرناک بیماری ہے جو ایک پھپھوندی کے باعث پیدا ہوتی ہے۔حالیہ دنوں میں ساہیوال،اوکاڑہ،پاکپتن،ملتان،خانیوال،قصور،لودھراں،لاہور،شیخوپورہ،سیالکوٹ،منڈی بہاؤالدین،گجرات اور چکوال کے اضلاع میں اس بیماری کیلئے موسمی حالات سازگار ہے جس کی وجہ سے اس بیماری کا حملہ مشاہدہ میں آرہا ہے۔اس ضمن میں سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے محکمہ زراعت کی متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو کاشتکاروں کی راہنمائی اور بیماری کے تدارک کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ یہ بیماری ایک پھپھوندی کی وجہ سے ہوتی ہے جب درجہ حرارت 10 تا 25 سینٹی گریڈ اور ہوا میں 80 تا 100 فیصد نمی کے دوران یہ بیماری وبائی شکل اختیار کر جاتی ہے۔شروع میں پتوں پر نمودار ٹیڑھے سے دھبے نظر آتے ہیں جو فوری زردی مائل ہو جاتے ہیں اور تمام پودے پر پھیل جاتے ہیں۔بعدازاں یہ دھبے بھورے اور سیاہی مائل ہو جاتے ہیں وبائی حملہ کی صورت میں اگر سدباب نہ کیا جائے تو ساری فصل ایک دو دن میں تباہ ہو جاتی ہے۔حملہ شدہ فصل کے آلو سٹور میں گل سڑ جاتے ہیں۔بیماری کے حملہ کی شدت کی صورت میں آلو زمین کے اندر ہی گل سڑ جاتے ہیں۔کاشتکار فصل پر بیماری شروع ہونے سے پہلے یا شروع ہوتے ہی موزوں پھپھوندی کش زہر محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ یا توسیع کے مقامی عملہ کے مشورہ سے استعمال کریں۔

☆☆☆☆